# بچہ نے ڈائپر میں پیشاب کرنے کے بعد کارپیٹ پر چلا ہو تو کیا حکم ہے؟

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

میں کچن میں کام کررہی تھی میری ڈیڑھ سال کی بیٹی لیونگ روم میں تھی وہ مرے پاس آئی میں نے چیک کیا تو اسکا ڈائپر لیک تھا پاجامہ گیلا تھا اب وہ کارپٹ پر کدھر کدھر گئی؟ کوئی پتا نہیں اس کارپٹ کو پورے کمرے میں چپکا یا گیا ہے، نماز کا کیا حکم ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اس کارپیٹ پر نماز پڑھنا جائز ہے جب تک خاص جگہ کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ یہاں نجاست لگی ہے، صرف چھوٹی بچی کے وہاں سے گزر کر آنے پر اسے ناپاک نہیں کہہ سکتے۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد ماجد رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2160

**تاریخ اجراء:** 27 رجب المرجب 1446ھ / 28 جنوری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net